PAKISTAN CRICKET BOARD
MEDIA RELEASE

# قومی خواتین کرکٹ ٹیم آئندہ ماہ جنوبی افریقہ کا دورہ کرے گی

- بیس جنوری سے تین فروری تک جاری رہنے والے ٹور میں تین ایک روزہ اور تین ٹی ٹونٹی میچز شامل ہیں
- ستائیس ممکنہ خواتین کرکٹرز کو تربیتی کیمپ کے لیے کراچی طلب کرلیا گیا
- کراچی کے ہائی پرفارمنس سنٹر میں شروع ہونے والا کیمپ بائیو سیکیور ماحول میں لگایا جائے گا
- دورے کا مقصد کوویڈ 19 کی صورتحال میں قومی خواتین کرکٹرز کی توجہ کھیل پر مرکوز رکھنے اور آئی سی سی ویمنز ورلڈکپ کوالیفائیر 2021 کی تیاری کرنا ہے
- اس سے قبل دونوں ٹیموں کے درمیان سیریز مئی 2019 میں جنوبی افریقہ میں کھیلی گئی تھی
- کوویڈ 19 کے باوجود خواتین کھلاڑیوں کی توجہ کھیل پر مرکوز رکھنے کی وجہ سے پی سی بی نے مختلف ڈومیسٹک ٹورنامنٹس منعقد کروائے تاہم انٹرنیشنل کرکٹ کا کوئی نعمل البدل نہیں، عروج ممتاز

**کراچی، 14 دسمبر 2020:**

پاکستان خواتین کرکٹ ٹیم آئندہ ماہ جنوبی افریقہ کا دورہ کرے گی، اس دوران قومی خواتین کرکٹ ٹیم تین ایک روزہ اور تین ٹی ٹونٹی انٹرنیشنل میچز کھیلے گی۔ دونوں ممالک کی خواتین کرکٹ ٹیموں کے مابین سیریز بیس جنوری سے تین فروری تک جاری رہے گی۔

پی سی بی اور کرکٹ ساؤتھ افریقہ کے درمیان طویل مذاکرات کے بعد دورے کو حتمی شکل دی گئی ہے۔

سیریز کا آغاز اور اختتام ڈربن سے ہو گا، وہاں میں کھیلا جانے والا پہلا ایک روزہ انٹر نیشنل میچ بیس جنوری جبکہ تیسرا اور آخری ٹی ٹونٹی میچ تین فروری کو ہو گا۔ یہ دونوں میچز برقی قمقموں کی روشنی میں کھیلے جائیں گے۔ سیریز کا دوسرا ایک روزہ انٹر نیشنل میچ بھی ڈربن میں کھیلا جائے گا، اس میچ کے لیے دونوں ٹیمیں تئیس جنوری کو مد مقابل آئیں گی۔ تیسرا ایک روزہ انٹر نیشنل میچ اور پہلے دونوں ٹی ٹونٹی انٹر نیشنل میچز بالترتیب 26، 29 اور 31 جنوری کو پیٹر مریٹزبرگ میں کھیلے جائیں گے۔

ویمنز کرکٹ سلیکشن کمیٹی نے دورہ جنوبی افریقہ کے لیے ستائیس خواتین کھلاڑیوں کو حنیف محمد ہائی پرفارمنس سنٹر کراچی طلب کرلیا گیا ہے، جہاں تربیتی کیمپ کا آغاز بیس دسمبر سے ہو گا۔

اس دوران کیمپ میں شریک تمام خواتین کرکٹرز اور اسپورٹ اسٹاف بائیو سیکیور ماحول میں رہیں گے۔ یہ بائیو سیکیور ماحول بھی پی سی بی کے کوویڈ 19 پروٹوکولز کے عین مطابق ہو گا۔ بائیو سیکیور ماحول میں داخلے سے قبل اسکواڈ میں شامل ہر رکن کا ایک کورونا ٹیسٹ لیا جائے گا، ٹیسٹ کی رپورٹ منفی آنے کی صورت میں اسے کیمپ میں داخلے کی اجازت مل جائے گی. کیمپ میں رپورٹ کرتے ہی ان کا دوسرا کورونا ٹیسٹ بھی لے لیا جائے گا۔

دورہ جنوبی افریقہ قومی خواتین کرکٹ ٹیم کے ہیڈ کوچ ڈیوڈ ہیمپ اور باؤلنگ کوچ ارشد خان کی پہلی اسائنمنٹ ہو گی، دونوں کوچز نے بالترتیب اکتوبر اور نومبر میں پاکستان خواتین کرکٹ ٹیم کو جوائن کیا تھا، کامران حسین کیمپ میں اسسٹنٹ کوچ کی ذمہ داریاں نبھائیں گے۔

قومی خواتین کرکٹ ٹیم نے اس سے قبل مئی 2019 میں جنوبی افریقہ کا دورہ کیا تھا۔ دونوں ممالک کے مابین کھیلی جانے ایک روزہ انٹر نیشنل سیریز 1-1 سے ڈرا ہو گئی تھی جبکہ ٹی ٹونٹی سیریز میں سنسنی خیز مقابلے کے بعد میزبان ٹیم نے 2-3 سے برتری حاصل کی تھی۔

**عروج ممتاز، چیف سلیکٹر اور قائم مقام ہیڈ آف ویمنز کرکٹ:**

چیف سلیکٹر قومی خواتین کرکٹ ٹیم عروج ممتاز کا کہنا ہے کہ کوویڈ19 کی وباء کے دوران ہم خواتین کرکٹ پر زیادہ سے زیادہ سرمایہ کاری کرنا چاہتے ہیں تاکہ ملک میں خواتین کرکٹ کو فروغ ملے۔ انہوں نے کہا کہ وہ جنوبی افریقہ کرکٹ کی مشکور ہیں کہ انہوں نے آئی سی سی ویمنز ورلڈکپ 2022 میں کوالیفائی کرنے کے باوجود ہمارے ساتھ مکمل سیریز کھیلنے پر رضامندی کا اظہار کیا ہے۔

عروج ممتاز نے کہا کہ کوویڈ 19 کے باوجود خواتین کھلاڑیوں کی توجہ کھیل پر مرکوز رکھنے کی وجہ سے پی سی بی نے مختلف ڈومیسٹک ٹورنامنٹس منعقد کروائے تاہم انٹرنیشنل کرکٹ کا کوئی نعم البدل نہیں ہیں۔

**ستائیس ممکنہ کھلاڑی( 18 رکنی حتمی اسکواڈ کا اعلان 31 دسمبر کو کیا جائے گا):**

ایمن انور، عالیہ ریاض، انعم امین، عائشہ نسیم، عائشہ ظفر، بسمہ معروف، ڈیانا بیگ، فاطمہ ثناء خان، ارم جاوید، جویریہ خان، جویریہ رؤف، کائنات امتیاز، کائنات حفیظ، ماہم طارق، منیبہ علی، ناہیدہ خان، نجیہ علوی، نشرہ سندھو، نتالیہ پرویز، نڈا ڈار، عمیمہ سہیل، رامین شمیم، صباء نذیر، سعدیہ اقبال، سدرہ امین، سدرہ نواز اور سیدہ عروب شاہ۔

**شیڈول:**

11 جنوری: ڈربن کے لئے روانگی

13-19 جنوری: ٹریننگ، پریکٹس اور انٹرا اسکواڈ میچز، ڈربن

20 جنوری: پہلا ون ڈے انٹرنیشنل میچ، ڈربن

23 جنوری: دوسرا ون ڈے انٹرنیشنل، ڈربن

26 جنوری: تیسرا ون ڈے انٹرنیشنل، پیٹر زماریٹزبرگ

29 جنوری: پہلا ٹی ٹونٹی انٹرنیشنل، پیٹر زماریٹزبرگ

31 جنوری: دوسرا ٹی ٹونٹی انٹرنیشنل، پیٹر زماریٹزبرگ

